چوہدری نثار داخلہ، اسحٰق ڈار خزانہ، خواجہ آصف پانی و بجلی، پرویز رشید اطلاعات اور سعد رفیق ریلوے کے وزیر ہونگے

# 25 رکنی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

## 16 وزرأ اور 9 وزرائے مملکت شامل

شاہد خاقان کو پٹرولیم، مرتضیٰ جتوئی صنعت، عبدالقادر بلوچ سرحدی امور، زاہد حامد قانون، سکندر بوسن اوورسیز پاکستانیز

برجیس طاہر پارلیمانی امور، احسن اقبال منصوبہ بندی، سردار یوسف مذہبی امور، کامران مائیکل قومی ہم آہنگی، صدرالدین راشدی فوڈ سیکورٹی

اور رانا تنویر کو گلگت بلتستان امور کا محکمہ مل گیا، شجاعت عظیم ہوا بازی، سرتاج عزیز قومی سلامتی و خارجہ امور کے مشیر ہونگے

وزرائے مملکت میں بلیغ الرحمٰن، انوشہ رحمٰن، پیر امین، سائرہ افضل، جام میر کمال، شیخ آفتاب، خرم دستگیر، بیرسٹر عثمان اور عبدالحکیم شامل



اسلام آباد (طاہر خلیل) ایوان صدر میں 25 رکنی نئی وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا۔ صدر آصف علی زرداری نے وفاقی وزراء اور وزرائے مملکت سے ایوان صدر میں ایک سادہ اور پروقار تقریب میں حلف لیا۔ وزیراعظم محمد نواز شریف بھی موجود تھے۔ قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق، ڈپٹی اسپیکر مرتضیٰ جاوید عباسی، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل خالد شمیم وائیں، تینوں مسلح افواج کے سربراہوں، غیر ملکی سفیروں اہم شخصیات اور اعلیٰ حکام نے تقریب میں شرکت کی۔ نئی وفاقی کابینہ میں 16 وفاقی وزراء اور 9 وزرائے مملکت کو شامل کیا گیا ہے۔ کابینہ میں 2 مشیر اور 2 معاونین خصوصی بھی شامل کئے گئے ہیں۔ چوہدری نثار علی خان کو داخلہ، اسحٰق ڈار کو خزانہ، شاہد خاقان عباسی پٹرولیم و قدرتی وسائل، خواجہ سعد رفیق ریلوے، زاہد حامد قانون و انصاف، لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ سرحدی امور، سکندر بوسن اوورسیز پاکستانیز، برجیس طاہر پارلیمانی امور، احسن اقبال منصوبہ بندی اور ترقیات، سردار یوسف مذہبی امور، خواجہ آصف پانی و بجلی، کامران مائیکل قومی ہم آہنگی، پرویز رشید اطلاعات و نشریات، صدر الدین راشدی فوڈ سیکورٹی، رانا تنویر حسین امور کشمیر گلگت بلتستان اور مرتضیٰ جتوئی کو صنعتوں کا قلمدان سونپ دیا گیا۔ طارق فاطمی اور ثناء اللہ زہری وزیراعظم کے خصوصی معاون ہونگے۔ کیپٹن (ر) شجاعت عظیم ہوا بازی اور سرتاج عزیز قومی سلامتی و خارجہ امور کے بارے میں مشیر ہونگے۔ وزرائے مملکت میں میاں بلیغ الرحمٰن، انوشہ رحمٰن، سائرہ افضل تارڑ، پیر امین الحسنات، جام میر کمال، شیخ آفتاب احمد، خرم دستگیر خان، بیرسٹر عثمان ابراہیم اور عبدالحکیم شامل ہیں۔ حلف برداری کے بعد صدر آصف علی زرداری نے نئے وزراء کو مبارکباد دی اور مہمانوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا۔ ٹی وی رپورٹ کے مطابق وزیر مملکت بلیغ الرحمٰن کو تعلیم، خرم دستگیر کو سائنس و ٹیکنالوجی، جان میر کمال کو پٹرولیم، انوشہ رحمٰن کو آئی ٹی، سائرہ افضل تارڑ ہیلتھ و سائنسز اور پیر امین الحسنات کو وزیر مملکت برائے مذہبی امور بنا دیا گیا جبکہ امیر مقام کو بھی وزیراعظم کا مشیر مقرر کر دیا گیا ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے